میرے بعد تم پر دوسروں کو ترجیح دی جائے گی اس لیے صبر سے کام لینا، یہاں تک کے مجھ سے حوض پر آ ملو

اسید بن حضیر اور انس بن مالک رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک انصاری آدمی نے عرض کیا: یا رسول اللہ! فلاں شخص کی طرح مجھے بھی آپ عامل بنادیں۔ آپ نے فرمایا: ”میرے بعد تم پر دوسروں کو ترجیح دی جائے گی اس لیے صبر سے کام لینا، یہاں تک کے مجھ سے حوض پر آ ملو“۔

[صحیح] [متفق علیہ]

ایک آدمی نے نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ آپ نے اسے بھی کسی حکومتی منصب پر فائز کر دیں، جس طرح آپ نے دیگر لوگوں کو حکومتی ذمے داریاں سونپی ہیں۔ آپ نے انھیں بتایا کہ وہ شخص اور آپ کے صحابے مستقبل میں حکام کی طرف سے پیش آنے والے ظلم و جور پر صبر کا مظاہرہ کریں، جو اپنی رعیت کو محروم رکھتے ہوئے تن تنہا مال و دولت پر قابض ہو کر بیٹھ جائیں گے۔ آپ نے انھیں صبر سے کام لینے کی تلقین کی، یہاں تک کے وہ حوض پر آپ سے آ ملیں۔

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3305